# مختصر دورانیہ کے تربیتی کورسز

## بذریعہ

# خط و کتابت

- داخلہ فارم پُر کریں اور رجسٹریشن چارجز کی ادائیگی کی رسید کے ساتھ شعبہ خط و کتابت کو **جلد از جلد** ارسال کریں۔ فارم بمع بینک رسید بھیجنے میں تاخیر نہ کریں۔

## کورس چارجز

**اندرونِ ملک:** -/1000 روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک:** 20 ڈالر (امریکی) یا اس کے مساوی

ان چارجز میں رجسٹریشن اور سرٹیفکیٹ چارجز دونوں شامل ہیں۔

## رجسٹریشن چارجز جمع کرانے کا طریقہ

- رجسٹریشن چارجز خود بھی ادارے میں جمع کروا کر رسید حاصل کی جاسکتی ہے۔
- چارجز بنک ڈرافٹ بنام "الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن" یا بذریعہ منی آرڈر بنام "شعبہ خط و کتابت الھدیٰ انٹرنیشنل" ارسال کیے جاسکتے ہیں۔
- اگر رقم براہِ راست بنک میں جمع کروانا ہو تو درج ذیل اکاؤنٹ میں جمع کروا کر رسید حاصل کر سکتے ہیں۔

**Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

**Bank:** Meezan Bank Limited

G-13 Branch Islamabad, Pakistan

Branch Code: 0320

Swift Code: MEZNPKKAGRD

Account No: 0103906500 (Rupee)

IBAN No:PK14MEZN0003200103906500

- بیرون ملک رہنے والے طلبہ رجسٹریشن چارجز آن لائن بھی جمع کروا سکتے ہیں۔ اس کے لیے درج ذیل لنک پر کلک کر کے ہدایات کے مطابق عمل کریں۔

**https://www.alhudapk.com/or**

**نوٹ:** داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن چارجز کی ادائیگی کا ثبوت فراہم کرنا لازمی ہے۔ ایسے مستحق افراد جو فیس ادا نہ کر سکتے ہوں ادارہ ان کے رجسٹریشن چارجز زکوٰۃ یا صدقات فنڈ سے ادا کرے گا اس صورت میں ضرورت مند افراد داخلہ فارم کے ساتھ مالی مدد کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

## کورس کا طریقہ کار

- کورس میں داخلہ لینے پر طالب علم کو ایک رجسٹریشن لیٹر بھیجا جاتا ہے جس میں کورس کے بارے میں ہدایات دی جاتی ہیں۔ ان ہدایات کو غور سے پڑھیں۔
- کورس کے لیے ہر کتاب پر مبنی لیکچرز از استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کا سننا ضروری ہے۔ لیکچر سنتے وقت کتاب کو اپنے سامنے رکھیں۔
- اہم نکات کو ہائی لائٹ کر لیں اور ان کو الگ ڈائری میں بھی نوٹ کرتے جائیں۔

## اسائنمنٹ حل کرنے کا طریقہ کار

- طالب علم کا فہم جانچنے کے لیے ہر کتاب کی اسائنمنٹ حل کروائی جاتی ہے۔
- طالب علم کو رجسٹریشن لیٹر کے ساتھ ہی اسائنمنٹ بھیج دی جائے گی۔
- اسائنمنٹ حل کرنے سے پہلے پرچہ پر اپنا نام، رجسٹریشن نمبر اور تاریخ لکھیں۔
- اسائنمنٹ کو غور سے پڑھیں اور پورے سکون و اطمینان کے ساتھ جواب لکھیں۔
- اسائنمنٹ حل کرنے کے لیے اسباق کا سننا لازمی ہے۔
- اسائنمنٹ کو حل کرنے کے لیے آپ اپنی کتاب اور نوٹس کھول سکتے ہیں اور درست جواب دینے کے لیے سبق دوبارہ بھی سن سکتے ہیں۔
- اسائنمنٹ حل کرنے کے بعد تصحیح کے لیے شعبہ خط و کتابت کو بھیج دیں۔

**امتحانات:** ہر اسائنمنٹ میں کم از کم 80% نمبر حاصل کرنا ضروری ہیں۔ بصورت دیگر اسائنمنٹ دوبارہ حل کرنی ہوگی۔

- ہر کورس میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو کورس کا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔


**الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان**

اسلام آباد: 7۔اے کے بروہی روڈ، H-11/4، اسلام آباد فون: 9-4866125-51-92+

+92-312-5255688 | +92-336-5322460

ccourse.isb@alhudapk.com | ccalhuda1@yahoo.com

کراچی: شعبہ خط و کتابت، E-59 خیابانِ سحر، ڈی ایچ اے، فیز 6، کراچی

فون: +92-335-3964629 | +92-21-35171136-8

cc.dept.khi@alhudapk.com

**www.alhudapk.com**

**www.farhathashmi.com**


AL-HUDA INTERNATIONAL

QUR'AN FOR ALL

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

# تعارفِ الہدیٰ

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن اسلام آباد پاکستان، خالص علمی و تحقیقی بنیادوں پر قرآن وسنت کی تعلیم کے فروغ کے لیے 1994 سے فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ ادارہ ہر طرح کی مذہبی گروہ بندی اور فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر دینی درس وتدریس کے علاوہ خدمتِ خلق کے کاموں میں بھی کامیابی سے کوشاں ہے۔

ادارے میں قرآن وسنت کی باقاعدہ تعلیم کو بہتر اور مؤثر انداز سے پیش کرنے کے لیے جدید طرز کے ذرائع کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔ جس میں نہ صرف آن کیمپس کورسز، آن لائن کورسز بلکہ خط وکتابت کے ذریعہ بھی کورسز کروائے جاتے ہیں۔

الہدیٰ کا شعبہ خط وکتابت ان خواتین وحضرات کو دینی کورسز کی سہولیات مہیا کرتا ہے جو کسی مجبوری کی وجہ سے ادارے میں آکر باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ شعبہ گزشتہ کئی سالوں سے کامیابی کے ساتھ طویل دورانیہ کے مختلف کورسز کروا رہا ہے اور بفضل تعالیٰ اب تک ان کورسز سے ہزاروں کی تعداد میں طلبا وطالبات مستفید ہو چکے ہیں۔ ان کورسز کی بہترین کامیابی کے بعد شعبہ خط وکتابت چند نئے کورسز متعارف کروا رہا ہے جن میں سب سے پہلے مختلف کتب پر مبنی مختصر دورانیہ کے تربیتی کورسز کا اجراء کیا جا رہا ہے۔

## مختصر دورانیہ کے تربیتی کورسز بذریعہ خط وکتابت

**مقصد:** عوام الناس کی راہ نمائی کرنا کہ وہ قرآن وسنت کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگیوں میں کیسے نافذ کریں۔

**اہلیت:** کسی بھی عمر اور شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد جو اردو پڑھنا لکھنا جانتے ہوں ان میں سے کسی ایک کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں اور ایک کورس مکمل کرنے کے بعد دوسرے کورس میں داخلہ لیا جا سکتا ہے۔

**یہ کورسز درج ذیل کتب پر مبنی ہیں:**

| | کتب | موضوع |
|---|---|---|
| 1 | • العقیدۃ الواسطیة | اسلامی عقائد کی تفصیلات |
| 2 | • الصلاۃ من کلام ابن القیم | نماز کی روح جاننے کے طریقے |
| 3 | • قبر کے تین سوال<br>• الاصول الثلاثة | قبر میں کون سے سوال پوچھے جائیں گے |
| 4 | • قرآن کے فضائل اور آداب<br>• قرآن اور احسان | قرآن کے مطالعہ میں احسان کا طریقہ |
| 5 | • الوسائل المفیدۃ للحیاۃ السعیدۃ<br>• وصایا ام حکیمة | خوش گوار اور بامقصد زندگی گزارنے کے طریقے |
| 6 | • کیف تنجو من مکائد الشیطان | شیطان کی چالوں سے کیسے بچا جائے؟ |
| 7 | • زبان کی حفاظت<br>• باتونی نہ بن | غیر ضروری گفتگو کے نقصانات کیا ہیں اور اس سے بچنا کیوں ضروری ہے |
| 8 | • تم کب توبہ کرو گے؟ | توبہ میں جلدی کرنا کیوں ضروری ہے |
| 9 | • نرمی کی اہمیت | نرم مزاجی زندگی کو کیسے پرسکون بناتی ہے |
| 10 | • شکر گزار کہاں ہیں؟ | زندگی میں شکر گزاری کیوں ضروری ہے |
| 11 | • سونے جاگنے کے آداب<br>• سفر آداب اور دعائیں | اپنے سونے جاگنے اور سفر کو سنت کے مطابق ڈھالنے کی کوشش |

## کورس کا دورانیہ

- ہر کورس کا دورانیہ 6 ماہ ہے۔ اس مدت میں کورس مکمل نہ کر سکنے کی صورت میں پھر سے رجسٹریشن چارجز ادا کر کے رجسٹریشن دوبارہ کروانا ہو گی۔
- تمام کورسز کے لیے آڈیو لیکچرز کا سننا ضروری ہے۔
- یہ لیکچرز الہدیٰ ویب سائٹ www.farhathashmi.com اور الہدیٰ ایپ Quran for all میں موجود ہیں۔

## رجسٹریشن کا طریقہ کار

- داخلہ فارم بذریعہ فون، واٹس ایپ، ای میل یا شعبہ کے نام خط لکھ کر منگوائیں۔ فارم ادارہ میں آکر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

# داخلہ فارم

## مختصر دورانیہ کے تربیتی کورسز بذریعہ خط وکتابت

کورس / کتاب کا نام: --------------

نام ---------------------- ولدیت ----------------------

عمر ---------------------- جنس ----------------------

تعلیم ---------------------- پیشہ ----------------------

رہائشی پتہ ------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر ------------------------------------------------

قومیت / پاسپورٹ نمبر (صرف بیرون ملک طلبا کے لیے) -----------

فون نمبر ------------------------------------------------

ای میل ------------------------------------------------

خط وکتابت کے لیے پتہ ----------------------------------------

------------------------------------------------------------

ادارے سے پہلے جو کورسز کیے ان کے نام لکھیں ------------------

------------------------------------------------------------

رجسٹریشن چارجز مبلغ ------------- روپے، مورخہ -------------

کو بذریعہ ---------------------------- ارسال کر دیئے ہیں۔

تاریخ ---------------- دستخط طالب علم --------------------

نوٹ: فون نمبر یا پتہ تبدیل ہونے کی صورت میں شعبہ کو آگاہ کریں۔

### دفتری استعمال کے لیے

رجسٹریشن نمبر: ____________________________